# ایئرپورٹس سیکیورٹی فورس

## آسامیاں خالی ہیں

**1**۔ مندرجہ ذیل یونیفارم اور سویلین اسٹاف کی آسامیوں کیلئے درخواستیں مطلوب ہیں۔

| نمبر شمار | آسامی | تعداد | کوٹہ | تعلیمی قابلیت | عمر کی حد | جسمانی معیار |
|---|---|---|---|---|---|---|
| (i) | اے ایس آئی<br>(BPS-11)<br>(مرد و خواتین) | 113 | o جنرل میرٹ:9<br>o پنجاب: میرٹ48،خواتین6،اقلیت3<br>o سندھ دیہی: میرٹ11،خواتین1،اقلیت1<br>o سندھ شہری: میرٹ6،خواتین1،اقلیت1<br>o خیبر پختونخواہ: میرٹ11،خواتین1،اقلیت1<br>o بلوچستان: میرٹ5،اقلیت1<br>o سابقہ فاٹا: میرٹ3<br>o گلگت بلتستان: میرٹ1<br>o آزاد جموں کشمیر: میرٹ3 | انٹر میڈیٹ یا مساوی | 18-30 سال | **یونیفارم آسامیاں**<br>**برائے مرد**<br>قد: 5'-6"<br>وزن: متعلقہ بھرتی سینٹروں پر مہیا کردہ چارٹ کے مطابق<br>چھاتی: 34 - "¾ 32 ¾"<br>ہر لحاظ سے جسمانی طور پر فٹ اور موزوں<br>**برائے خواتین**<br>قد: 5'-2"<br>وزن: متعلقہ بھرتی سینٹروں پر مہیا کردہ چارٹ کے مطابق |
| (ii) | کارپورل (BPS-7)<br>(مرد و خواتین) | 459 | o جنرل میرٹ: 34<br>o پنجاب: میرٹ195،خواتین23،اقلیت11<br>o سندھ دیہی: میرٹ45،خواتین5،اقلیت3<br>o سندھ شہری: میرٹ29،خواتین4،اقلیت2<br>o خیبر پختونخواہ: میرٹ45،خواتین5،اقلیت3<br>o بلوچستان: میرٹ24،خواتین2،اقلیت1<br>o سابقہ فاٹا: میرٹ12،خواتین2،اقلیت1<br>o گلگت بلتستان: میرٹ3،خواتین1<br>o آزاد جموں کشمیر: میرٹ8،خواتین1 | میٹرک یا مساوی | 18-30 سال | |
| (iii) | کارپورل ڈرائیور<br>(BPS-5)<br>(صرف مرد حضرات) | 15 | o جنرل میرٹ:1<br>o پنجاب: میرٹ6<br>o سندھ دیہی: میرٹ2<br>o سندھ شہری: میرٹ1<br>o خیبر پختونخواہ: میرٹ1<br>o بلوچستان: میرٹ1،اقلیت1<br>o آزاد جموں کشمیر: میرٹ2 | (الف) میٹرک<br>(ب) LTV/HTV/PSV کمپیوٹرائزڈ / رجسٹرڈ لائسنس<br>(ج) تجربہ اور مہارت کو ترجیح دی جائے گی۔ | 18-30 سال | |
| (iv) | اسٹینو ٹائپسٹ<br>(BPS-14)<br>(مرد و خواتین) | 1 | o پنجاب: میرٹ1 | (الف) انٹر میڈیٹ<br>(ب) ٹائپنگ کی کم از کم رفتار 40 الفاظ فی منٹ<br>(ج) شارٹ ہینڈ کی کم از کم رفتار 80 الفاظ فی منٹ<br>(د) کمپیوٹر جانتا ہو | 18-30 سال | **سول آسامیاں** |
| (v) | ڈرافٹس مین<br>(BPS-11)<br>مرد و خواتین | 1 | o پنجاب: میرٹ1 | (الف) انٹر میڈیٹ<br>(ب) ڈپلومہ ہولڈر (کسی بھی منظور شدہ ادارے سے) | 18-30 سال | |
| (vi) | یو ڈی سی<br>(BPS-11)<br>(مرد و خواتین) | 2 | o پنجاب: میرٹ2 | (الف) انٹر میڈیٹ<br>(ب) بھرتی کے بعد پروبیشن پیریڈ کے دوران تین ہفتے کا آئی ٹی کورس بمعہ ایم ایس آفس این آئی ٹی بی (NITB) سے کرنا لازمی ہو گا۔ | 18-30 سال | |
| (vii) | ٹیکنیکل اسسٹنٹ<br>(BPS-10)<br>(مرد حضرات) | 1 | خیبر پختونخواہ: میرٹ1 | DAE (میکنیکل انجنیئرنگ) یا F.Sc بمعہ ڈپلومہ کسی بھی منظور شدہ ادارے سے۔ | 18-30 سال | |
| (viii) | ریلیجیس ٹیچر<br>(BPS-8) | 1 | o خیبر پختونخواہ: میرٹ1 | (الف) میٹرک یا مساوی<br>(ب) فاضل درس نظامی،<br>حفظ قرآن، قرات / تجوید | 18-30 سال | |
| (ix) | میڈیکل اٹینڈنٹ<br>(BPS-7)<br>(مرد و خواتین) | 1 | o پنجاب: میرٹ 1 | (الف) انٹر میڈیٹ<br>(ب) نرسنگ میں ڈپلومہ / ایک سالہ ڈسپنسر کورس | 18-30 سال | |
| (x) | ایم ٹی ڈرائیور<br>(BPS-5)<br>(صرف مرد حضرات) | 1 | o سندھ شہری: میرٹ1 | (الف) مڈل پاس<br>(ب) PSV/LTV/HTV کمپیوٹرائزڈ / رجسٹرڈ لائسنس<br>(ج) ڈرائیونگ کے بہترین ماہر اور PSV لائسنس ہولڈر کو ترجیح دی جائے گی۔ | 22-40 سال | |
| (xi) | موچی (BPS-2)<br>(مرد حضرات) | 1 | اسلام آباد1 | - | 18-30 سال | |
| (xii) | نائب قاصد (BPS-1)<br>(مرد حضرات) | 2 | اسلام آباد1، کراچی1 | پرائمری | 18-30 سال | |
| (xiii) | باورچی (BPS-1)<br>(مرد و خواتین) | 9 | ہیڈ کوارٹر کراچی1، لاہور2، اسلام آباد2، پشاور1، سکھر1، جیکب آباد1، خضدار1، | (الف) پرائمری<br>(ب) پاکستانی کھانے پکانا جانتا ہو۔ | 18-30 سال | |
| (xiv) | خاکروب (BPS-1)<br>(مرد و خواتین) | 4 | اسلام آباد1، ہیڈ کوارٹر کراچی1، لاہور1، گلگت1 | - | 18-30 سال | |

2۔ تمام بھرتیاں میرٹ، شفافیت اور کوٹہ کی بنیاد پر ہوں گی اور اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کی ہدایات / رہنمائی پر عمل کیا جائے گا۔

3۔ امیدوار کو درج ذیل ٹیسٹ دینے ہوں گے تاہم خواتین اور سول آسامیوں کے امیدوار فزیکل ٹیسٹ سے مستثنیٰ ہوں گے۔

(i) بنیادی میڈیکل (تمام امیدواروں کے لئے)

(ii) فزیکل ٹیسٹ (صرف مرد امیدواروں کے لئے)

| | | |
|---|---|---|
| ایک میل دوڑ (زیادہ سے زیادہ وقت 7:30 منٹ) | 22 پُش اپ (2 منٹ) | 22 سِٹ اپ (2 منٹ) |

- **جسمانی موزونیت اور اہلیت کے حامل امیدواروں کو فزیکل / میڈیکل ٹیسٹس میں نمایاں کارکردگی (Top Most) کی بنا پر اگلے مرحلے کے لیے منتخب کیا جائے گا۔**

(iii) تحریری ٹیسٹ کے لیے صرف اپنے متعلقہ کوٹہ میں نمایاں کارکردگی کے حامل امیدوار اہل ہوں گے۔

(iv) پریکٹیکل ٹیسٹ اسٹینو ٹائپسٹ، ڈرافٹس مین، ایل ڈی سی، کارپورل ڈرائیور، ایم ٹی ڈرائیور، ٹیکنیکل اسسٹنٹ، موچی، باورچی، خاکروب امیدواروں کیلئے۔

(v) انٹرویو کے لیے ایک خالی آسامی پر پانچ نمایاں کارکردگی کے حامل امیدواروں کو بلایا جائے گا۔

4۔ درخواستیں جمع کرانے کا طریقہ کار

(i) خواہشمند امیدوار درخواست فارم اور فزیکل / میڈیکل ٹیسٹ فارم، اے ایس ایف کی ویب سائٹ www.asf.gov.pk سے ڈاؤن لوڈ کریں۔ امیدوار اپنا مکمل پُر شدہ درخواست فارم (اپنی حالیہ تصدیق شدہ تصاویر فارم پر لازمی چسپاں کریں) بمعہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اور ڈومیسائل کی تصدیق شدہ کاپیاں **ویب سائٹ پر دیئے گئے اپنے متعلقہ / قریبی ASF بھرتی مرکز کے پتہ پر اشتہار ہذا کی اشاعت کے بعد، پندرہ دن کے اندر بذریعہ ڈاک ارسال کریں۔ جبکہ مکمل پُر شدہ میڈیکل / فزیکل ٹیسٹ فارم اور اصل قومی شناختی کارڈ، میڈیکل / فزیکل ٹیسٹ والے دن اپنے ہمراہ لائیں۔**

(ii) امیدواروں کے ابتدائی فزیکل اور میڈیکل ٹیسٹس مندرجہ ذیل بھرتی مراکز پر منعقد ہوں گے:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1۔ کراچی | 2۔ اسلام آباد | 3۔ لاہور | 4۔ ملتان | 5۔ فیصل آباد | 6۔ سیالکوٹ | 7۔ پشاور | 8۔ کوئٹہ |
| 9۔ گلگت | 10۔ چترال | 11۔ سکھر | 12۔ نواب شاہ | 13۔ ڈی آئی خان | 14۔ سکردو | 15۔ گوادر | |

(iii) ایک سے زائد اسامیوں کی درخواست دینے کے لیے الگ الگ رجسٹریشن فارمز ڈاؤن لوڈ کر کے الگ الگ ارسال کریں۔

(iv) **آغاز حقوق بلوچستان پیکج کے تحت بلوچستان ڈومیسائل کے حامل امیدوار اپنا درخواست فارم صرف کوئٹہ اور گوادر ایئر پورٹس پر ہی جمع کروائیں اور تمام آسامیوں کے امتحانات / ٹیسٹ بھی ان ہی ایئر پورٹس پر لئے جائیں گے۔**

5۔ عمر کی حد میں رعایت:

(i) مسلح افواج کے ریٹائرڈ اشخاص کو عمر کی حد میں ۱۵ سال یا اصل سروس (جو بھی کم ہوگی) رعایت دی جائیگی۔

(ii) وہ سرکاری ملازمین بشمول کنٹریکٹ ملازمین جن کی سروس دو سال ہو انہیں عمر کی حد میں ۵۵ سال کی عمر تک ۱۰ سال کی رعایت دی جائیگی۔

(iii) مائنارٹیز (غیر مسلم)، سندھ (دیہی)، بلوچستان، گلگت بلتستان / سابقہ فاٹا (Ex-FATA) اور آزاد جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کو عمر کی حد میں ۳ سال کی رعایت دی جائیگی۔

(iv) دوران ملازمت انتقال کرنے والے سول سرکاری ملازمین کی بیواؤں، بیٹوں اور بیٹیوں کو (ثبوت فراہم کرنے کی صورت میں) عمر کی حد میں ۵ سال کی رعایت دی جائیگی۔

**نوٹ: جو امیدوار مندرجہ بالا (ii) تا (iv) کیٹیگریز میں سے ایک سے زیادہ کے اہل ہوں گے تو انہیں بھی صرف ایک ہی کیٹیگری کے تحت عمر کی بالائی حد میں رعایت حاصل ہوگی۔**

6۔ **حاملہ خواتین درخواست نہ دیں۔**

7۔ امیدوار تمام امتحانات / ٹیسٹ کے لیے شناختی کارڈ اور دیگر اصل دستاویزات ہمراہ لائیں۔

8۔ فزیکل / جسمانی امتحان کے لیے تمام اُمیدوار جوگر یا پی ٹی شوز پہن کر آئیں۔ جسمانی (Physical) ٹیسٹ کے دوران کسی قسم کے حادثے کی صورت میں محکمہ ذمہ دار نہ ہوگا۔

9۔ مسلح افواج کے حاضر / ریزرو ریٹائرڈ اشخاص بھی درخواست دے سکتے ہیں۔ NOC ہونا لازمی ہے۔

10۔ تمام سول آسامیوں کے لئے معذور افراد 2 فی صد کے کوٹہ میں درخواست دے سکتے ہیں۔

11۔ جنرل میرٹ کی آسامیوں کے لئے مرد و خواتین دونوں درخواست دینے کے اہل ہیں۔

12۔ کسی بھی قسم کی منشیات (حشیش، چرس، ہیروئن، کوکین، گٹکا وغیرہ) استعمال کرنے والے امیدوار نااہل تصور ہوں گے۔

13۔ مجرم اور آرمڈ فورسز / سول فورسز سے بھگوڑے افراد ASF میں اپلائی کرنے کے اہل نہیں ہیں۔

14۔ Discipline / انضباطی کاروائیوں کے لیے پاکستان آرمی ایکٹ 1952 کا اطلاق تمام بھرتی ہونے والے مرد و خواتین پر ہوگا۔

15۔ تعیناتی: منتخب افراد پاکستان بشمول آزاد جموں کشمیر اور گلگت بلتستان / سابقہ فاٹا (Ex-FATA) کے کسی بھی ایئر پورٹ پر نوکری کرنے کے پابند ہوں گے۔

16۔ **براہ راست ہیڈ کوارٹر کو بھیجی جانے والی اور مقررہ تاریخ کے بعد وصول ہونے والی درخواستوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔**

17۔ امیدواروں کو امتحانات میں شمولیت پر کسی قسم کا کوئی TA/DA نہیں دیا جائے گا۔

18۔ ڈسپلن کا خاص خیال رکھیں۔ کرونا وائرس (COVID-19) کے لیے تمام احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کے بعد فزیکل / میڈیکل ٹیسٹ کے لیے آئیں۔

19۔ کسی قسم کی سفارش، دھوکہ دہی یا کسی غیر قانونی اعانت کی کوشش پر رجسٹریشن منسوخ / مسترد کر دی جائے گی۔

فورس ریکروٹمنٹ آفیسر

ایئرپورٹس سیکیورٹی فورس

Ph: 021-99242578

PID(I)87/20

## اخبارات برائے اشتہار مورخہ 8 جولائی 2020ء

| ایکسپریس | Express Tribune | دنیا | مشرق | خبریں | اوصاف | عصرِنو |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اسلام آباد، لاہور، کراچی، سکھر | اسلام آباد | لاہور، کراچی | کوئٹہ | پشاور | مظفر آباد، گلگت | مستونگ |

| نوائے وقت | 92 نیوز | آج | آج کل | جناح | نیا دور | کاوش | عوام |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کراچی | لاہور | پشاور | پشاور | اسلام آباد | ملتان | حیدر آباد | کوئٹہ |